سوال

(779) کیا تعویذ لکھنے والا، تعویذ استعمال کرنے والا مشرک ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تعویذ لکھنے والا، تعویذ استعمال کرنے والا مشرک ہے، اگرچہ تعویذ میں قرآن ہی کیوں نہ لکھا ہو۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحابہ کرام اور سلف صالحین کی ایک جماعت سے تعویذ لکھنا ثابت ہے۔ ان پر کیا فتویٰ صادر کریں گے۔ ہَدَانَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُم

حدیث میں جس تعویذ کو شرک کہا گیا ہے وہ جعلی تعویذی منکے ہیں۔ مسند امام احمد کی روایت میں اس حدیث کے سبب درود میں اس امر کی طرف اشارہ موجود ہے۔

اگرچہ ہمارے نزدیک اولیٰ یہ ہے کہ مطلقاً تعویذات سے احتراز کیا جائے اگرچہ وہ قرآنی آیات اور صحیح دعاؤں پر ہی مشتمل ہوں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، تلاوۃِ قرآن: صفحہ: 543

محدث فتویٰ